# زندگی

از جناب وحدی الحسینی بھوپالی

حیرتِ چشمِ کائنات ، رہنِ نظارۂ حیات　　کیسے نظر نواز ہیں ؟ نقش و نگارِ زندگی
گرمِ خرامِ ناز ہے ، عرصۂ کارزار میں　　موت سے بھی عیاں ہے دیکھ جوش فشارِ زندگی
اس کی فضا نظارہ بار، اس کا جہان شعلہ زار　　سوز و تپش کے جلوہ دار، لیل و نہارِ زندگی
جھوم رہی ہیں پتیاں، پھوٹ رہی ہیں کونپلیں　　سب ہیں یہ برگ و بار و گل آئینہ دارِ زندگی
جلوۂ گل میں ہے نہاں، بوئے چمن میں مستتر　　غنچۂ نوشگفتہ میں دیکھ بہارِ زندگی
موج کے پیچ و تاب میں، برق کے اضطراب میں　　رقص کناں ہے مستقل، شور و شرارِ زندگی
رنج و خلش، غم و تپش، حاصلِ کیفِ زیست ہیں　　جامِ الم سے مست ہے بادہ گسارِ زندگی
نغمۂ آبشار بھی، نالۂ دلفگار بھی　　شورشِ برگ و بار بھی زمزمہ بارِ زندگی
موجِ شعاعِ آفتاب، حاملِ نورِ انقلاب　　سارا جہانِ التہاب جلوہ فشارِ زندگی
رفعتِ کوہسار پر، نزہتِ سبزہ زار پر　　صفحۂ روزگار پر ثبت وقارِ زندگی
چین نہیں، سکوں نہیں، لطف کشِ حیات کو　　صرف ہیں بیقراریاں وجہ قرارِ زندگی
پھیلی ہوئی ہے روشنی، جس کی تمام دہر میں　　عشق ہی پر ہے فطرۃً دار و مدارِ زندگی
عمر بھی جاوداں نہیں، سوز بھی بیکراں نہیں　　کیسے اٹھا سکیں گے ہم؟ لطفِ بہارِ زندگی

بر ورقِ حیاتِ خود نقش دوامِ زیست کن
آبِ حیاتِ جاوداں، نوش بجامِ زیست کن